

19
دُرُود و سلام

پیشکش:
مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
شعبہ تخریج

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر عِلْم وحکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رَحْمت نازِل فرما! اے عَظَمت اور بزرگی والے! (مُسْتَطْرَف ج ۱ ص ۴۰ دار الفکر بیروت)

طالبِ غمِ مدینہ بقیع و مغفرت

۱۳ شوال المکرم ۱۴۲۸ھ

(اوّل آخِر ایک بار دُرُود شریف پڑھ لیجئے)

نام رسالہ:	19 دُرُود و سلام		
پہلی تا پندرھویں بار:	۱۴۳۳ھ/2012ء تا ۱۴۴۰ھ/2019ء	تعداد:	1400000 (چودہ لاکھ)
سولھویں بار:	محرم الحرام ۱۴۴۱ھ، ستمبر 2019ء	تعداد:	50000 (پچاس ہزار)
سترھویں بار:	ربیع الاول ۱۴۴۱ھ، نومبر 2019ء	تعداد:	50000 (پچاس ہزار)
اٹھارویں بار:	صفر المظفر ۱۴۴۲ھ اکتوبر 2020ء	تعداد:	50000 (پچاس ہزار)
انیسویں بار:	رجب المرجب ۱۴۴۲ھ، مارچ 2021ء	تعداد:	50000 (پچاس ہزار)
بیسویں بار:	محرم الحرام ۱۴۴۳ھ، اگست 2021ء	تعداد:	60000 (ساٹھ ہزار)

ناشِر: مکتبۃ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، کراچی۔

کتاب کے خریدار متوجّہ ہوں

کتاب کی طباعت میں نُمایاں خرابی ہو یا صَفْحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہوگئے ہوں تو مکتبۃُ المدینہ سے رُجوع فرمائیے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ
اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ؕ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ

19 دُرُود وسلام

دُرُودِ پاک کی فضیلت

حضرتِ سیِّدُنا ابوہُریرہ رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ حضور تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیۡہِ واٰلہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ رُوح پَروَر ہے کہ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرُود پاک پڑھا اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس پر دس رحمتیں نازِل فرمائے گا۔

(صَحِیح مُسلِم، ص۲۱٦، حدیث:٤٠٨)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط کے انیس حروف کی نسبت سے 19 دُرُود وسلام

شبِ جُمعہ کا دُرُود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِکۡ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ الۡحَبِیۡبِ الۡعَالِی الۡقَدۡرِ

اَلْعَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ (جمعہ اور جمعرات کی درمیانی رات) اِس دُرُود شریف کو پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا موت کے وقت سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم کی زِیارت کرے گا اور قَبْر میں داخل ہوتے وقت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم اسے قبر میں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے اُتار رہے ہیں۔

(اَفْضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السَّادات، ص ١٥١ ملخصًا)

تمام گناہ مُعاف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

حضرتِ سیِّدُ نا اَنَس رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو شخص یہ

دُرُود پاک پڑھے، اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ مُعاف کردیئے جائیں گے۔ (المرجع السابق، ص ٦٥)

رحمت کے سترّ دروازے

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

جو یہ دُرُود پاک پڑھتا ہے تو اس پر رحمت کے 70 دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ (اَلْقَوْلُ الْبَدِیْع، ص ۲۷۷)

ایک ہزار دن کی نیکیاں

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَ اَھْلُہٗ

حضرتِ سیِّدُنا ابن عباس رضی اللّٰہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اس

کے پڑھنے والے کیلئے ستّر فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔ (مَجمعُ الزَّوائِد، ج ۱۰، ص ۲۵٤، حدیث: ۱۷۳۰۵)

چھ لاکھ دُرُود شریف کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

حضرت احمد صاوِی علیہ رحمۃ اللہ الھادی بعض بزرگوں سے نقل کرتے ہیں: اس دُرُود شریف کو ایک بار پڑھنے سے چھ لاکھ دُرُود شریف پڑھنے کا ثواب حاصِل ہوتا ہے۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات علٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱٤۹)

قُربِ مصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

ایک دن ایک شخص آیا تو حضورِ انور صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم نے اسے اپنے اور صِدّیقِ اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ کے درمیان بٹھالیا۔ اس سے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالٰی عنھم کو تَعَجُّب ہوا کہ یہ کون ذِی مَرتبہ ہے! جب وہ چلا گیا تو سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ والہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: یہ جب مجھ پر دُرُود پاک پڑھتا ہے تو یوں پڑھتا ہے۔ (اَلْقَوْلُ الْبَدِیْع، ص ۱۲۵)

سب سے افضل دُرُودِ پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ

وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

حضرت عبد الرحمٰن بِن اَبی لیلٰی رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں: مجھے کعب بن عُجرہ رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ ملے کہنے لگے: کیا تمہیں وہ تحفہ نہ دوں جو میں نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم سے سنا ہے! میں نے کہا: کیوں نہیں پیش کیجئے آپ نے فرمایا کہ ہم نے رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم سے عرض کیا: یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم بیشک اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ہمیں (آپ پر) سلام بھیجنا سکھا دیا لیکن ہم آپ پر اور اہل بیت پر درود کیسے بھیجیں تو آپ صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیْہِ واٰلہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: یوں کہو!

(صحیح البخاری، ج۲، ص۴۲۹، حدیث ۳۳۷۰)

اعلیٰ حضرت اِمامِ اَہلسنّت حضرتِ علّامہ مولانا الحاج

مال میں خیر و برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَی

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

صاحبِ روحُ البیان فرماتے ہیں: جو شخص اِس درود پاک کو پڑھے گا اس کا مال و دولت بڑھتا رہے گا۔

(تَفْسِیر رُوحُ الْبَیان، الاحزاب تحت الآیۃ:٥٦، ج٧، ص٢٣٣)

قُوَّتِ حافِظہ مضبوط ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ

الْكَامِلِ وَعَلٰی اٰلِهٖ كَمَا لَانِهَایَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ

اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی بیماری ہو تو وہ مغرب اور عشاء کے درمیان اس درود پاک کو کثرت سے

پڑھے، اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ حافظہ قَوِی ہو جائے گا۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۹۱، ۱۹۲ ملتقطاً)

دین و دُنیا کی نعمتیں حاصل کیجئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰہِ وَاِفْضَالِہٖ

اِس دُرُود پاک کو پڑھنے سے دین و دنیا کی بے شُمار نعمتیں حاصل ہوں گی۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۵۱)

دُرُودِ شَفَاعَت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ
عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

الحافِظ القاری شاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: سب دُرُودوں سے افضل دُرُود وہ ہے جو سب اعمال سے افضل (عمل) یعنی نماز میں مقرر کیا گیا ہے (یعنی درودِ ابراہیمی)۔

(فتاوی رضویہ مُخرَّجہ، ج۶، ص۱۸۳)

بخشِش و مَغفِرَت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

کسی شخص نے حضرتِ سیِّدُنا امام شافِعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا اور حال دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس درود پاک کی برکت سے میری بخشش فرمادی۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السَّادات، ص ۸۱ ملخصًا)

شافِعِ اُمَم صَلَّی اللہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ مُعَظَّم ہے: جو شخص یوں درودِ پاک پڑھے اس کے لئے میری شفاعت واجِب ہو جاتی ہے۔(اَلتَّرْغیب وَ التَّرْھیب، ج ۲ ص ۳۲۹، حدیث:۳۱)

آبِ کوثر سے بھرا پیالہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ
وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیّٰتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ
وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

حضرتِ سیّدُنا حسن بصری علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں کہ جو شخص حوضِ کوثر سے بھرا پیالہ پینا چاہے وہ اس دُرُود پاک کو پڑھے۔ (الشفاء الجزء الثانی ، ص۵۷)

گیارہ ہزار دُرُود کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ

لَھَا اَھْلٌ وَّھُوَ لَھَا اَھْلٌ

حضرتِ سیِّدُنا حافظ جلالُ الدّین سُیوطی شافِعی علیہ رحمۃ اللہ الکافی نے فرمایا: اس دُرُود پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ دُرُود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات علٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۵۳)

ہر قِسم کے فتنے سے نَجات کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ

حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

سیِّد ابنِ عابِدِین علیہ رَحْمَۃُ اللہِ المُبین فرماتے ہیں کہ

میں نے اسے ایک فتنۂ عظیم میں پڑھا جو دمشق میں واقع ہوا، اسے ابھی دو سو مرتبہ بھی نہیں پڑھا تھا کہ مجھے ایک شخص نے آکر اِطلاع دی کہ فتنہ ختم ہو گیا۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۵٤)

ایک لاکھ دُرُودِ پاک کا ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَالسِّرِّ السَّارِیْ فِیْ سَآئِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ

اس دُرُود پاک کو ایک بار پڑھا جائے تو ایک لاکھ دُرُود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے نیز اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ دُرُود پاک پانچ سو بار پڑھے اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ حاجت پوری ہو گی۔ (اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص ۱۱۳)

دنیاوآخِرت کی سُرخروئی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ بِعَدَدِ

مَافِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

قرآن کریم کی تِلاوت کے بعد جو شخص اس دُرُود پاک کو پڑھے گا وہ دنیاو آخرت میں سُرخُرُو رہے گا۔

(تَفسِیر رُوحُ البَیان، الاحزاب تحت الآیۃ:٥٦، ج٧، ص٢٣٤)

چودہ ہزار دُرُود پاک کاثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰہِ وَ کَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِہٖ

اس دُرُود شریف کوصرف ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار دُرُود پاک کا ثواب ملتا ہے۔

(اَفضَلُ الصَّلَوات عَلٰی سَیِّدِ السّادات، ص١٥٠)

دُرُودِ تُنَجِّینا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ

جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ

الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا

بِھَا اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ

مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ

اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

شیخ مَجدُ الدِّین فیروز آبادی صاحبِ قاموس نے شیخ حسن بن علی اسوانی کے حوالے سے بیان کیا کہ جو شخص یہ دُرُود پاک (**دُرُودِ تُنَجِّینا**) کسی بھی مشکل، آفت یا مصیبت میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس مشکل کو آسان فرمادے گا اور اس کا مقصد پورا فرمادے گا۔ (مَطالِعُ الْمُسَرَّات، ص ۴۷۱)

مجلس المدینۃ العلمیہ (شعبہ تخریج)

۱۶ صَفَرُ المُظفَّر ۱۴۳۳ھ / 11.01.2012

فہرست

ماٰخذ ومراجع


مطبوعہ	مصنف	نام کتاب
کوئٹہ۱۴۱۹ھ	الامام والشیخ اسماعیل حقی البروسوی ۱۱۳۷ھ	تفسیر روح البیان
دارالکتب العلمیۃ،۱۴۱۹ھ	امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری،۲۵۶ھ	صحیح البخاري
دارابن حزم بیروت ۱۴۱۹ھ	امام مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ۲۶۱ھ	صحیح مسلم
دارالفکر بیروت ۱۴۲۰ھ	حافظ نورالدین علی بن ابی بکر ۸۰۷ھ	مجمع الزوائد
دارالفکر بیروت ۱۴۱۸ھ	امام زکی الدین عبدالعظیم بن عبدالقوی ۶۵۶ھ	الترغیب والترھیب
مدینۃ الاولیاء ملتان	ابوالفضل قاضی عیاض مالکی ۵۴۴ھ	الشفاء
دارالثمر	الشیخ یوسف بن اسماعیل النبہانی ۱۳۵۰ھ	افضل الصلوات
مرکزالاولیاء لاہور	امام محمد مہدی فاسی ۱۱۰۹ھ	مطالع المسرات
مؤسسۃ الریان بیروت ۱۴۲۲ھ	حافظ محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی ۹۰۲ھ	القول البدیع
رضافاؤنڈیشن ،لاہور ۱۴۱۲ھ	مجددِ اعظم اعلیٰ حضرت امام احمد رضاخان ،۱۳۴۰ھ	الفتاوی الرضویۃ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نیک نمازی بننے کے لیے

ہر جُمعرات بعد نمازِ مغرب آپ کے یہاں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کے لیے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمائیے ❁ سنّتوں کی تربیت کے لیے مَدَنی قافلے میں عاشقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ تین دن سفر اور ❁ روزانہ ''فکرِ مدینہ'' کے ذریعے مَدَنی اِنعامات کا رسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذِمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے۔

میرا مَدَنی مقصد: ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔'' اِنْ شَآءَ اللہ۔ اپنی اِصلاح کے لیے ''مَدَنی اِنعامات'' پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے ''مَدَنی قافلوں'' میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ



ISBN 978-969-579-797-6
0109191

DAWAT-E-ISLAMI

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN +92 21 111 25 26 92   0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net